Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعرات، 4 جنوری 2024ء ، 21 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 236

ایسے لوگ بلوچستان کھا گئے، یہاں کے لوگوں کو بخش دیں، خالد لانگو کیس میں چیف جسٹس برہم

نیب کرپشن کا سہولت کار بنا ہوا ہے، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

کیس میں اپیل دائر کیوں نہیں ہوئی؟ چھوٹے چھوٹے کیسز میں تو نیب فوری اپیل دائر کر دیتا ہے، نیب کرپشن کا سہولت کار بنا ہوا ہے، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

صدر آر سی سی آئی ثاقب رفیق چیمبر آمد پر آرپی اوسید ذیشم علی کا خیر قدم کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بلوچستان کے سابق صوبائی وزیر خزانہ خالد لانگو کے عام انتخابات میں حصہ لینے کے معاملے پر دائر درخواست کو واپس لینے کی بنیاد پر خارج کر دیا، جبکہ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے خالد لانگو کے عام انتخابات میں حصہ لینے کے کیس میں برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے ایسے لوگوں کو انتخابات لڑنے سے دور (بقیہ نمبر 30)

خرم لطیف کھوسہ کو رہا کرنے اور مقدمہ خارج کرنے کا تحریری فیصلہ جاری

خرم لطیف کھوسہ کے خلاف مقدمہ بدنیتی کی بنیاد پر درج کیا گیا، جسٹس علی باقر نجفی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خرم لطیف کھوسہ کو رہا کرنے اور مقدمہ خارج کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ تحریری فیصلہ میں کہا گیا کہ خرم لطیف کھوسہ کے خلاف مقدمہ بدنیتی کی بنیاد پر درج کیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس علی باقر نجفی کے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے جاری فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ خرم لطیف کھوسہ کے خلاف مقدمہ بدنیتی کی بنیاد پر درج کیا گیا، ایسے (بقیہ نمبر 31)

پرویز الٰہی کی جیل میں طبیعت خراب، اسپتال منتقل

سینے میں انفیکشن کی شکایت تھی، جس پر جیل کے اسپتال میں ان کا طبی معائنہ کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں طبیعت خراب ہونے پر اڈیالہ جیل سے آر ٹی سی منتقل کیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق چوہدری پرویز الٰہی کو طبیعت خراب ہونے پر اڈیالہ جیل سے آر ٹی سی منتقل (بقیہ نمبر 34)

سرتاج عزیز اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے، شہباز شریف

تاج عزیز کی وفات پر دلی دکھ اور رنج ہے، وہ نواز شریف کے قریبی اور بااعتماد ساتھی تھے

لاہور (این این آئی) سابق وزیر خزانہ سرتاج عزیز کے انتقال پر شہباز شریف نے سابق وزیر خزانہ سرتاج عزیز کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرتاج عزیز اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے، ان کی کمی کبھی پوری نہیں (بقیہ نمبر 33)

انفلوئنزا اور نمونیہ کی ادویات کی ٹیسٹنگ کا فیصلہ

ادویات کی ڈیمانڈ بڑھنے پر کوالٹی خراب ہونے کا شبہ، نگران وزیر صحت پنجاب

لاہور (این این آئی) سردیوں میں سانس کے انفیکشن، الرجی، انفلوئنزا اور نمونیہ کی ادویات کی ٹیسٹنگ کا فیصلہ کر لیا۔ انفلوئنزا اور نمونیا کیسز میں اضافہ ہو گیا، پنجاب حکومت کا سانس تحقیقات کے مطابق پنجاب (بقیہ نمبر 32)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن کے ساتھ انجمن تاجران کے وفد کا وفاقی وزیر امیاں کی قیادت میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

حکم امتناع واپس، الیکشن کمیشن کا پی ٹی آئی سے انتخابی نشان بلا واپس لینے کا فیصلہ بحال

پی ٹی آئی بلے کے نشان سے پھر محروم

22 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی انتخابات کو کالعدم قرار دے کر انتخابی نشان واپس لے لیا تھا، 26 دسمبر کو پشاور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کا پی ٹی آئی سے 'بلے' کا نشان واپس لینے کا فیصلہ معطل کر دیا تھا

آئین کہتا ہے کہ انتخابات کو صاف وشفاف اور دیانتداری کے ساتھ منعقد کیا جائے، قاضی انور کے دلائل، میں نے سنا ہے کہ الیکشن کمیشن لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے سے مطمئن ہے، جسٹس اعجاز خان

اسلام آباد (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی درخواست پر سنگین خلاف الیکشن کمیشن کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے اپنا حکم امتناع واپس لے لیا۔ بدھ کو پشاور ہائیکورٹ نے انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی درخواست منظور کر کے الیکشن کمیشن کا انتخابی نشان بلا واپس لینے کا فیصلہ معطل کر دیا۔ پی ٹی آئی کے وکیل قاضی انور نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے سے مطمئن ہے۔ جسٹس اعجاز خان نظر ثانی کو وقت کی ضرورت قرار دیا گیا اور ایم پی ایز کی ملازمین کو جو وہ سرکاری ملازمین سے کئی گنا زیادہ تنخواہ دی جائے گی۔ پنجاب حکومت نے پے سکیل کی منظوری دے دی جس سے بعد تنخواہ خزانہ سے منظوری کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ ایم پی (بقیہ نمبر 46)

سکیڑری بلدیات پنجاب انجم جاوید قاضی کا امریکی قونصلیٹ جنرل کے وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

نئے سرکاری افسران کی بھرتی کے لئے نئے سکیل جاری

ایم پی ایس ملازمین کو موجودہ سرکاری ملازمین سے کئی گنا زیادہ تنخواہ دی جائے گی، پنجاب حکومت نے پے سکیل کی منظوری دیدی

ایم پی ایس افسران کو ابتدائی طور پر تین سال کے لئے بھرتی کیا جائے گا، مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع دی جا سکے گی

لاہور (این این آئی) محکمے سرکاری افسران کی بھرتی کے لئے بھاری مراعات کے لئے نئے سکیل جاری کر دیئے گئے، ایم پی ایس افسران کی تقرری کو وقت کی ضرورت قرار دیا گیا اور ایم پی ایس ملازمین کو موجودہ سرکاری ملازمین سے کئی گنا زیادہ تنخواہ دی جائے گی۔ پنجاب حکومت نے پے سکیل کی منظوری دے دی جس کے بعد محکمہ خزانہ سے منظوری کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ ایم پی (بقیہ نمبر 47)

خادم حسین کی جعلی ڈگری کی بنیاد پر نااہلی درست قرار

جعلی ڈگری کا معاملہ درخواست گزار کے مرنے کے ساتھ ہی ختم ہو گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سلم لیگ (ق) کے سابق ایم ایس اے خادم حسین کی جعلی ڈگری کی بنیاد پر نااہلی درست قرار دے (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، لیگیسلا پولیس نے چینک فروش کو حراست میں لے رکھا ہے

خواتین کی ترقی پروفاقی حکومت کا سپیشل فوکس ہے، مشعال ملک

خواتین کو اوپر اور کرنے کے لیے انھیں معاشی طور پر مضبوط کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹلائزیشن کو پرموٹ کرنا ہوگا، ممبورڈم پروسٹھ

معاون خصوصی ہیومن رائٹس ایڈوومن ایپاور منٹ مشعال ملک اور وزیر محکمہ ترقی نسواں سید یاز لی علی نقوی کے درمیان ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) معاون خصوصی برائے وزیر اعظم پاکستان ہیومن رائٹس ایڈوومن ایپاور منٹ مشعال ملک اور وزیر محکمہ ترقی نسواں سید یاز لی علی نقوی کے درمیان ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں خواتین کو اوپر اور کرنے کے لیے انھیں معاشی طور پر مضبوط کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹلائزیشن کو پرموٹ کرنا ہوگا، ممبورڈم پروسٹھ کے تناظر میں خواتین کے حقوق کے ممبورڈم پر سائن کیے گئے۔ 100 دنوں پر مشتمل ہیومن ایپاور منٹ اور ہیومن رائٹس کے ممبورڈم پر دستخط کے حوالے سے (بقیہ نمبر 48)

معاون خصوصی برائے وزیر اعظم پاکستان ہیومن رائٹس ایڈوومن ایپاور منٹ مشعال ملک اور وزیر محکمہ ترقی نسواں سید یاز لی علی نقوی سماجی بہبود سے پروگرام کر رہے ہیں

مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مظہور کے علاقہ میں بیوٹی کی حالت میں لٹے والا 60 سالہ بزرگ شہری دوران علاج اسپتال میں دم توڑ گیا، کس کی شناخت نہیں ہو سکی۔ شالیمار کے علاقہ میں بھی کھڑکی میں دوران ڈیوٹی خاتون جاں بحق ہو گئی۔

آر پی اوسید خرم علی راولپنڈی کی کھلی کچہری

درخواستوں پر فوری ازالے کیلئے افسران کو فوری واٹس اپ کی ہدایت جاری

راولپنڈی (این این آئی) سینٹرل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خرم علی نے اوپن دوبار پولیس کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا، کھلی کچہری میں راولپنڈی ریجن کے شہریوں کی درخواستوں پر فوری ازالے کیلئے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی و انکوائری کے (بقیہ نمبر 54)

خواتین کی جعلی ڈگری کا معاملہ، سپریم کورٹ کا ایچ ای سی سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے خواتین کی جعلی ڈگری کے معاملے پر ایچ ای سی سے جواب طلب کر لیا۔ سپریم کورٹ نے ایچ ای سی کو ہدایت کی کہ جعلی ڈگری کے حامل اہل علامہ ڈاکٹر راحیہ حسین سمی نے کہا ہے کہ قرآن کریم انسانیت کیلئے مکمل دستور حیات ہے۔ قرآن کریم کو حفظ کر کے اپنے سینے میں محفوظ کرنا بڑی سعادت مندی ہے۔ قرآن کریم کو جو لوگ مطلوبہ سے (بقیہ نمبر 42)

سائلین کی سہولت کیلئے پنجاب کے متعدد اضلاع کا لاہور ہائیکورٹ کے قریبی بنچوں سے منسلک

لاہور (آئی این پی) سائلین کی سہولت کیلئے پنجاب کے متعدد اضلاع کو لاہور ہائیکورٹ کے قریبی بنچوں سے منسلک کر دیا گیا۔ عوامی سہولت اور سائلین کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے ویژن کے تحت چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ محمد امیر بھٹی نے کوئٹہ پنجاب کی منظوری کے بعد متعدد اضلاع کو قریبی بنچوں کے ساتھ منسلک (بقیہ نمبر 39)

مولانا فضل الرحمٰن کے تحفظات کو سنجیدگی سے لیں، حافظ حمد اللہ

مولانا فضل الرحمٰن بار بار سکیورٹی خطرات، بیماری اور موسم کی بات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ف کے رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا کہ ہم مولانا فضل الرحمٰن کے (بقیہ نمبر 38) رہائشی ادارے، نگران حکومت اور الیکشن کمیشن

مہنگائی پر میرے بیان کو غلط معنی استعمال کر رہے ہیں، دانیال عزیز

بیان کا مقصد احسن اقبال کی بطور سربراہ پرائس مانیٹرنگ کمیٹی حوصلہ افزائی کرنی تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما دانیال عزیز نے کہا ہے کہ مہنگائی پر میرے 30 نومبر کے بیان کو غلط معنی استعمال کر رہے ہیں۔ ایک بیان میں دانیال عزیز نے کہا کہ مہنگائی میرے بیان کو لیگ (ن) کا ذمے دار قرار دینے کیلئے (بقیہ نمبر 40)

بلا واسطہ کیس عدالت کا کام قانون کی تشریح باہر کیا ہوا، جسٹس اعجاز

ہم نے آپ سے سیکھا ہے کہ قانون کے لیے یہ باتیں بے معنی ہیں، عدالت سے باہر کیا ہوتا ہے اس کا سماعت کے ساتھ کوئی کام نہیں، ریمارکس

پولیس کی بھاری نفری موجود ہے، ادھر آتے ہوئے مجھے روکا گیا، میری تلاشی لی گئی، قاضی انور ایڈووکیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے فل بنچ نے بلا واسطہ کیس کی سماعت کی۔ بنچ میں جسٹس منیب اختر، جسٹس مظاہر نقوی اور جسٹس عرفان سعادت خان شامل ہیں۔ بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن اور انتخابی نشان کیس پر الیکشن کمیشن کی نظر ثانی اپیل پر سماعت جاری ہے۔ پشاور ہائیکورٹ نے جسٹس اعجاز خان کے بنچ کے سامنے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی نظر ثانی اپیل پر سماعت کر رہے ہیں، جسٹس ملسلے میں الیکشن کمیشن کے وکیل قاضی انور ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس اعجاز نے (بقیہ نمبر 41)

میرے خلاف شکایات بے بنیاد ہیں، جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی

کھلی عدالت میں آئینی درخواستیں زیر سماعت ہونے کے بعد جوڈیشل کونسل کی کارروائی بلاجواز ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے سپریم جوڈیشل کونسل کی جانب سے جاری کردہ دو مرسے شوکاز نوٹس پر (بقیہ نمبر 49)

قرآن کریم انسانیت کیلئے مکمل دستور حیات ہے، راغب حسین نعیمی

گدو پاور پلانٹ پر آنے والی فنی خرابی دور کر دی گئی

دھند کی وجہ سے 500 کے وی، 220 کے وی لائنز ٹرپ ہو گئیں، این ٹی ڈی سی

لاہور (این این آئی) گدو پاور پلانٹ میں آنے والی فنی خرابی دور کر دی گئی، گدو سورج یارڈ میں سرکٹ بریکر کو تبدیل کر دیا گیا۔ این ٹی ڈی سی کے مطابق 500 (بقیہ نمبر 50)

ملک کی تباہی کی ذمہ دار وہی پارٹیاں ہیں جنھوں نے ایک بار نہیں بار بار حکومت کی، سراج الحق

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک کی تباہی کی ذمہ دار وہی پارٹیاں ہیں جنھوں نے ایک بار نہیں بار بار حکومت کی، آزمودہ حکمران پھر چاہتے ہیں کہ 8 فروری کو لوگ انھیں ووٹ دیں، حکمران طبقات نے اپنے بھائیوں، بیٹوں، بیٹیوں، رشتے داروں میں ملک تقسیم کیے، ان کی پارٹیاں خاندانی پراپرٹی اور یہ (بقیہ نمبر 43)

فضائی آلودگی و خشک سردی کے باعث کھانسی کے مریض بڑھ گئے

ہسپتالوں میں خشک کھانسی اور سانس لینے میں دشواری کے مریضوں میں اضافہ ہو گیا

کم قوت مدافعت والے افراد اچھی خوراک، ڈرائی فروٹ اور قہوہ کا استعمال کریں

راولپنڈی (این این آئی) فضائی آلودگی اور خشک سردی سے شہری شدید متاثر ہونے لگے۔ ہسپتالوں میں خشک کھانسی اور سانس لینے میں دشواری کے مریضوں میں اضافہ ہو گیا۔ خشک سردی اور فضائی آلودگی کی وجہ سے بچے، خواتین اور بزرگ کھانسی میں مبتلا ہونے لگے۔ 7 روز میں شہر کے سرکاری ہسپتالوں میں 12 ہزار سے زائد (بقیہ نمبر 44)

ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کیخلاف اپیلوں پر الیکشن کمیشن، ڈی آر او، آر او سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن ٹریبونل نے ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں پر الیکشن کمیشن، ڈی آر او اور آر او سے جواب طلب کر لیا۔ ٹریبونل نے الیکشن کمیشن، ڈی آر او اور آر او سے ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں پر جواب طلب کر لیا۔ ٹریبونل نے الیکشن کمیشن، ڈی آر او اور آر او سے ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں پر جواب طلب کر لیا۔ (بقیہ نمبر 55)

ادویات کی بلا تعطل فراہمی کے لئے فارما پارک بنا رہے ہیں، ڈاکٹر ندیم جان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ ادویات کے وفاقی وزیر ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ ادویات کی بلا تعطل فراہمی کے لئے فارما پارک بنا رہے ہیں، فارما سے متعلق قوانین، تحقیقی پالیسیاں، اور ڈرپ پیکیجز لائنز کی بابت معلومات دینے کے لئے (بقیہ نمبر 58)

سیاسی جماعتیں الیکشن کی گہما گہمی میں مگن، عوامی مسائل پس پشت ڈال دیئے گئے

تحصیل گوجر خان سے نکلنے والی کیس سے مقامی شہری متاثر ہونے سے قاصر

گوجر خان (قمر شہزاد) کیس اور جعلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ظالم زندگی بری طرح متاثر ایک طرف شدید سردی جبکہ دوسری جانب کیس کا پریشر بلکل زیرو ہونے کے سبب شہری شدید مسائل کو پس پشت ڈال (بقیہ نمبر 56)

سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد نہ کرنے پر گرانفروشی کا جن بے قابو

مارکیٹ کمیٹی ڈپلی ہزاروں لاکھوں کمانے میں مگن، عملہ دفاتر تک محدود، محکمہ کا ہر کارندہ بے خوف

گوجر خان (قمر شہزاد) انتظامیہ مہنگائی میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کرانے میں بری طرح ناکام گوجر خان شہر اور گردونواح میں سبزی فروش اور اشیاء خورد و نوش دیہاری دار اور حواسط مقیلے کی دکانداروں نے من چاہے ریٹ لگائے ہوئے ہیں اس تمام صورتحال پر شہری پھٹ پڑے لوگوں نے مارکیٹ کمیٹی (بقیہ نمبر 57)

بچے سے سردی سے بچنے کے لیے آگ تاپ رہے ہیں

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، مزید 377 گیس کنکشن منقطع

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 377 گیس کنکشن منقطع، اور 20 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

فیصل آباد میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن جبکہ کیپر سر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 377 کنکشن منقطع کر دیے۔ جبکہ 0 لاکھ 25 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پورے میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 21 گمریلو کنکشن جبکہ کیپر سر کے استعمال پر 25 کنکشن منقطع کیے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 144 کنکشن جبکہ کیپر سر کے استعمال پر بھی 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 7 کنکشن منقطع کیے گئے۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی استعمال پر 39 جبکہ کیپر سر کے استعمال پر 12 کنکشن (بقیہ نمبر 45)

جاپان میں تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

مشکل کی اس گھڑی میں متاثرہ خانوان کے ساتھ ہوں، جبیر بن بیٹ صادق تبریزی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس کے صدر سٹریٹیجک بیوسی ڈیولپمنٹ ایڈوسری کونسل کے چیئرمین بیرسٹر عمیر یاز نیازی کے میانوالی کے حلقے این اے 89 اور 90 سے کاغذات نامزدگی منظور کر لیے۔ ریٹرننگ افسر میانوالی کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا گیا

راولپنڈی (آئی این پی) الیکشن ٹریبونل نے انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی درخواست میں شامل کرنیا حکم دے دیا۔ الیکشن ٹریبونل کے جج جسٹس چودھری عبدالعزیز نے فیصلہ سنا دیا اور ریٹرننگ (بقیہ نمبر 51)

ریٹرننگ افسر میانوالی کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا گیا

پیرسٹر عمیر نیازی کے میانوالی کے حلقے این اے 89 اور 90 سے کاغذات نامزدگی منظور

راولپنڈی (آئی این پی) الیکشن ٹریبونل نے انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی درخواست میں شامل کرنیا حکم دے دیا۔ الیکشن ٹریبونل کے جج جسٹس چودھری عبدالعزیز نے فیصلہ سنا دیا اور ریٹرننگ (بقیہ نمبر 51)

عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعرات، 4 جنوری 2024ء ، 21 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 236

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی آواز، عوام کا اخبار
ABC WORLD
بانی: کامریڈ خورشید احمد ایڈیٹر

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایل پی جی مزید مہنگی گدو پلانٹ ٹھیک نہ ہوسکا

2023ء مہنگائی کے لحاظ سے بدترین سال رہا۔ گرانی نے عوام کو سنبھلنے نہیں دیا مہنگائی نے 37 فیصد کی انتہائی شرح کو عبور کیا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ۔ گدو پاور پلانٹ ٹھیک نہ ہوا۔ بجلی کی پیداوار طلب سے آدھی رہ گئی۔ 12 گھنٹے تک لوڈ شیڈنگ ہورہی ہے۔ دریں اثنا ایل پی جی کی قیمت میں مزید اضافہ کردیا گیا۔ ایک روپے 57 پیسے اضافے سے نئی قیمت پانچ سو 56 روپے کلو مقرر، گھریلو سلنڈر تین ہزار 26 روپے کا ہوگیا۔

بجلی اور گیس کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ ہوجاتا ہے۔ گھر میں استعمال ہونے والی گیس کی قیمت میں تین گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر تھا ساتھ ہی گیس کے میٹر کا کرایہ بھی بڑھا دیا گیا تھا۔ گیس کو نیشنلائز اینڈ ھن سمجھا جاتا تھا لیکن اس کی قیمتوں میں مسلسل اور بے بہا اضافہ کیا گیا ہے۔ سردیوں پر ہی کیا موقوف ہے گرمیوں میں بھی گیس کی لوڈشیڈنگ ہوتی ہے۔ متبادل کے طور پر کچھ لوگ ایل پی جی پر انحصار کرتے ہیں۔ جن گھروں میں گیس کے کنکشن نہیں ہیں وہ بھی عموماً ایل پی جی استعمال کرتے ہیں۔ ایل پی جی کی قیمت میں بھی مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے چند ماہ پہلے ستمبر میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں ایک ہزار روپیہ اضافہ کیا گیا تھا اب مزید اضافہ کرتے ہوئے سلنڈر 3 ہزار سے زائد کا کردیا گیا ہے۔ کچھ لوگ ایندھن کے طور پر مجبوراً تیل اور بجلی بھی استعمال کرتے ہیں۔ تیل کافی مہنگا ہے بجلی بھی سستی نہیں ہے لیکن بجلی ہوگی تو کوئی استعمال کرے گا۔ عام استعمال کے لیے بھی دستیاب نہیں ہوتی، سردیوں میں بھی طویل لوڈشیڈنگ ہوتی ہے۔ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ پاکستان میں وافر بجلی پیدا ہوتی ہے۔ گزشتہ روز گدو پلانٹ خراب ہوا تو آدھے ملک میں بجلی بند ہو گئی۔ اب بتایا گیا ہے کہ پیداوار طلب سے آدھی رہ گئی ہے گویا 12 گھنٹے لوڈشیڈنگ تو ہوتی ہی ہے۔ آج نگران حکومت ہے وہ بڑی پالیسیاں بنانے کی پوزیشن میں نہیں ہے لیکن ایسی پالیسیاں بنانا اداروں کا کام ہے، ادارے موجود رہتے ہیں۔ متعلقہ ادارے عوام کو ریلیف دینے کے حوالے سے جو بھی ممکن ہوسکتا ہے وہ کریں۔ زمام اقتدار جن کے بھی ہاتھ میں ہے ان کے لیے ادارہ شماریات کی رپورٹ لمحہ فکریہ ہونی چاہیے۔

ارضِ وطن پر چھائے آسیب کے سائے

ہماری ارضِ وطن پر جسے سال کا آغاز ہی بجلی کے طویل بریک ڈاؤن، گیس کی ناپائیِ اور امن کو قلب لگانی دہشت گردوں کی سرگرمیوں سے ہوا تو میزبانی کے اعتبار یا ادائے نمیزبان شہر پر آسیب کا سایہ ہے یا کیا ہے کہ حرکت تیز ہے اور سفر آہستہ آہستہ۔ جناب خدا تنگ کیسے کیا بھارا بھی آبرومندی کے ساتھ آسودہ اور پُرامن زندگی گذارنے والا ہے یا ہم خود ہی کو الیں مار کر اس وطن عزیز کی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں۔ کوئی ذھب کا کام، کوئی ترتیب، کوئی سلیقہ! اشرافیہ ہیں کہ بدستور آپ کے دوسرے کے مفادات کی رکھوالی اور اپنی مجوریاں بھرنے میں لگے ہوئے ہیں اور وادادہ درگاہ عوام بدستور مرے کو مارے شاہ مدار کی تصویر بنے بیٹھے ہیں۔ میری خواہش اور دعا تو یہی ہے کہ اکیسویں صدی کا سال 2024ء ہماری ارضِ وطن اور اس پر رہے خطہ کیلئے امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی کا سال ثابت ہو مگر انسانی دکھوں' مصائب' آلام' اتھاہ درد کے پیچیدہ گھریبت' بے روزگاری' آسمانوں کو چھوتی مہنگائی اور بجلی' گیس کی گرانی و کمیابی نے ہمارے معاشرے کو جس برے طریقے سے غیر تصور کر دیا ہے اُسکے پیش نظر یہ سال بھی دکھی انسانوں کو اُنکے تحفظ' تحفظ اور خوشحالی کی نوید سنانا تو نظر نہیں آرہا، کیونکہ جس مجبور و بے بس اور ارادہ و وادہ انسانوں کے پہلے سے بھی زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ خطرہ ہے سے نیچے لڑھکنے کا ہول زیادہ سازگار بنا نظر آرہا ہے۔ ہماری سیاسی قیادتوں نے قائداعظم کی وفات کی بعد اب تک محض اپنے اقتدار اور مفادات کی سیاست کی ہے جنہیں انسانی دکھوں میں کمی کا چارہ کرنے سے کوئی سروکار نہیں جبکہ قائداعظم کی فہم و بصیرت سے ہندو اور انگریز کے غلامانہ سامراجی نظام سے نجات پانے کیلئے پاکستان کے نام سے حاصل کی گئی اس ارضِ وطن پر بے بس و مجبور انسانوں کے دکھ مزید بڑھے ہیں اور ان کا پرامن اور خوشحال زندگی گزارنے کا خواب آج ڈراؤنا خواب بن گیا ہے تو اسکے پس پردہ محرکات کا جائزہ لینے کیلئے ہماری قیادتوں کو ہوش کے ناخن لینے کی ضرورت ہے یا نہیں؟

آج عملاً ملک کی معیشت دیوالیہ ہونے کے قریب ہے اور اسکی بحالی ہے اور اپنے اپنے مفادات کے اسیر حکمران اشرافیہ طبقات معیشت کی ان خرابی کا ملبہ ایک دوسرے پر ڈال کر عوام کے دکھوں پر سیاست چمکا رہے ہیں تو جناب ہاں دکھوں کو اپنے ہی کاہی تو کوئی چارہ کرلیں۔ آج عملاً پورا پاکستان اور اس کا ہر بچہ پیدا ہونا لاکھ پچھی کا مقروض ہے۔ آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھا جا چکا ہے۔ آئی ایم ایف کے قرضوں پر سود سیت ان قرضوں کا بھوری جم آج ساٹھ ہزار ارب روپے تک جا پہنچا ہے جو آئی ایم ایف سے قرض کا مستقل نجات دلانے کے دعویدار عمران خان کے اقتدار میں آنے سے قبل تک 30 ہزار ارب روپے کے قریب تھا مگر عمران خان نے آئی ایم ایف کے پاس سجدہ ریز ہو کر اپنے پر خودبینی کو ترجیح دینے کے دعوؤں پر مٹی ڈال کر اپنے اقتدار کے آغاز میں ہی آئی ایم ایف سے معمل تعلق کر لیا اور اسکی ہر ناروا شرائط ماننے نہ آئے اس ارضِ وطن اور اسکی معیشت پر کاٹی ڈالنے کا بھرپور موقع فراہم کر دیا۔ آج نگران دور میں بھی آئی ایم ایف کا عبوری بیل آؤٹ پیکج ہمارے پیلے لگے بھرنا ہے روزانہ کے معمولات کا حصہ ہی بنا لیا۔ اس قومی جذبے کے حوالے سے ہی میرے دل میں خیال آیا کہ قوم آئی ایم ایف کی غلامی سے نجات حاصل کرنے کیلئے بھی تو یکسو ہو کر ایسے ہی جذبے کا مظاہرہ کر سکتی ہے۔ اس حوالے سے کچھ تجاویز میرے ذہن میں آئیں جس کا تذکرہ میں نے گذشتہ کالم میں آغاز پر لکھے تھے اپنے کالم میں بھی کیا تھا اور آج تو آئی ایم ایف کے محض تین ارب ڈالر کے مجوری قبل آؤٹ ہونے تک ہمارے پورے سسٹم کو ہچکولے پہ جسے آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق تکمیل کو پہنچانے کی خاطر مجبوریت کی غلامی کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے جتن کیے جاتے نظر آرہے ہیں، تو کیوں نہ آئی ایم ایف کو ہی اسکے متعینہ ڈیک سے ہٹانے کا کوئی چارہ کر لیا جائے۔ اس کیلئے ہمیں اپنے گذشتہ سال کے کالم میں پیش کی گئی تجویز دوبارہ اپنے قارئین اور قوم کے سامنے رکھ رہا ہوں۔" شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات"۔

تجویز یہ ہے کہ ایلیپ خان کے ٹیڈی بیئر ڈونیک فنڈ کی طرح قرض اتار و فنڈ قائم کر کے ہر گھر سے ہر مرد اور کو پابند کر دیا جائے کہ وہ اپنے گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے دس ہزار روپے کی رقم جمع کرائے۔ اس طرح تمام بڑے صنعت کاروں، تاجروں، جاگیرداروں اور پاکستان کے ہر شہری کو اپنی اپنی استعداد کے مطابق پانچ لاکھ سے ایک کروڑ روپے تک اس فنڈ میں جمع کرا کیں۔ دوسرے تمام سرکاری اور جب سرکاری ملازمین اپنے اپنے سکیل کے حساب سے دو ہزار روپے سے ایک لاکھ روپے تک اس فنڈ میں جمع کرانے کے پابند ہوں۔ سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان بشمول وزیراعظم' وزراء، معاونین خصوصی اور گورنر اور وزراء کے دوسرے سیاسی عہدے داران اپنی اپنی ایک ماہ کی تنخواہ اسی حساب اسطاعت ایک سال تک کی تنخواہ اس فنڈ میں جمع کرا دیں۔ اس فنڈ کی وصول کا وقت دو ماہ کا مقرر کیا جائے اور فنڈ وصول کرنے کیلئے اچھی ساکھ والے چارٹرڈ اکاؤنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں جو وصول شدہ فنڈ کو مکمل رپورٹ کے ساتھ شفاف انداز میں وزیراعظم کے حوالے کریں اور وزیراعظم اس وصول شدہ فنڈ میں سے آئی ایم ایف کی واجب الادا تمام قرضوں کی مکمل ادائیگی کر کے قوم کو آئی ایم ایف سے غلامی پائے گی نوید سنائیں۔ اس فنڈ سے نہ صرف آئی ایم ایف کا سارا قرض ادا ہو جائیگا بلکہ ایک دو سے ڈیم بھی تعمیر ہو جائیں گے۔ مگر اس میں مستلزم یہ ہے کہ قوم کو فنڈ جمع کرنے والوں کی نیت اور ایمانداری پر اعتبار نہیں رہا۔ اگر جسٹس عادل ثاقب ڈیم فنڈ، نواز حکومت کی قرض اتار و ملک سنوار سکیم' عمران خان کے سیلاب فنڈ میں اسی طرح سابقہ اتحادی حکومت ملک سے جمع ہونیاں تمام رقم اور ان کا اب تک کا مصرف پوری دیانتداری کے ساتھ قوم کے سامنے پیش کر دیا جائے تو قوم آج بھی 1965 والے جذبے کی طرح تعمیر وطن کا نیا

لہسن کا ایک جو اکھانے سے کیا ہوگا؟

موسم سرما میں نزلہ زکام کھانسی وغیرہ تو عام سی بات ہے تاہم نزلہ وافعت مضبوط ہو جائے تو انسان بڑی سے بڑی بیماریوں پر بھی قابو پا لیتا ہے۔ اس حوالے سے عکماء کا کہنا ہے کہ لہسن کا استعمال مدافعتی نظام میں بہتری لاتا ہے۔ لہسن خون کو پتلا کرتا ہے اور بلڈ پریشر کنٹرول کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ یہی نہیں ماہرین کے مطابق اگر آپ جلدی بیماری میں گھرے ہوئے ہیں تو غذا میں لہسن کا استعمال بڑھا دیں، اس عمل سے جسم میں موجود زہریلے مادے خارج ہو جائیں گے اور جلد تر وہ تازہ دم ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ لہسن کے ہر دو کیمیکل کو ملا کر ایک جیل بنائیں اور ان کو زخم پر لگا کریں اس کے بے شمار طبی فائدے ہیں۔ لہسن قوت مدافعت بڑھانے والی خصوصیات کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے، اس میں موجود ذرات جراثیم کو ختم کرنے میں بڑی مدد کرتا ہے۔ لہسن کو کاٹ دیں اور اس کو تھوڑی دیر کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے، اس میں بالیکسن جیسے مرکبات ہوتے ہیں جن میں اینٹی بائیو ٹک اور اینٹی وائرل اثرات ہوتے ہیں۔ یہ سردیوں میں خاص طور پر جسم نزلہ زکام اور کھانسی کا خطرہ زیادہ ہو، فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ لہسن اور زنجبیل کا تیل دونوں ہی دل کے لیے صحت مند غذائیں ہیں، لہسن بلڈ پریشر اور کولیسٹرول کی سطح کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے جب کہ زنجبیل کے تیل میں موجود پیچیدہ مرکبات پکنائی زیادہ ہوتی ہے جو دل کی صحت کے لیے فائدہ مند ہے۔ دانت کے درد سے نجات۔ دانت کے درد سے فوری آرام کیلئے لہسن سے مدد لے سکتے ہیں، لہسن سنی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، لہٰذا آپ لہسن کو متاثرہ دانت پر رگڑنے کی ضرورت ہے، جس سے درد میں کافی سکون کی آتی ہے اور دانت کے پاس جانے کے لیے وقت کل جاتا ہے۔ بالوں کے لیے۔ لہسن آپ کے بالوں کے گرنے کے مسئلے کو ختم کر سکتا ہے جس کی وجہ ان میں شامل ایک جز ایلیسین کی بھرپور مقدار ہے، یہ سلفر کیمیائی مرکب ہے جو بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ بلڈ پریشر کم کرنے میں مدد گار۔ اگر آپ ہائی بلڈ پریشر کے شکار ہیں تو لہسن کو اپنی غذا کا حصہ بنائیں، پریشر بالوں کو کشادہ کرنے کے ساتھ تاکو کم کرتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ سردی کی شکایت رہتے کے ساتھ ساتھ یہ دل پر بوجھ بڑھاتا ہے۔ اس کے علاوہ لہسن ایک اور فائدہ کا خطرہ بڑھاتا ہے۔ ایک تحقیق بھی کی آئی ہے، جس سے پتہ چلا ہے کہ لہسن سنی کی صلاحیت رکھتا ہے، لہٰذا اس کو کھانے کے ساتھ ساتھ یا کھانے کے فوراً بعد کھانے کے لیے نقصان دہ کولیسٹرول کی سطح میں بھی کمی آتی ہے، جس کے نتیجے میں امراض قلب کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ جگر میں کمی کو دور کرتا ہے۔ سائنسدان یقین تو نہیں ایسا کیوں ہوتا ہے مگر ایسا نظر آتا ہے کہ جگر میں کم لہسن پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے جگر میں چربی جمع ہو جاتی ہے۔ لہسن کو کاٹ دیں اور اس کو جیل اور مسم کو ملا کر ایک مشین یا بلیس جو جگر میں جمع ہو گئی ہے اس کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ لہسن کو کاٹ دیں اور اس کو ایک چھوٹی سی ہانڈی میں رکھ کر اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ اس عمل سے جسم میں موجود زہریلے مادے خارج ہو جائیں گے اور جلد تر وہ تازہ دم ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ لہسن کو گھوٹیں اور گھوٹیں کر باریک کر دیں جس میں اور ان کو زیتون کے تیل میں بھگو دیں، اس مرکب کو ایک چھوٹی روز کھا لیا کریں اس کے بے شمار طبی فائدے ہیں۔ لہسن قوت مدافعت بڑھانے والی خصوصیات کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے، اس میں بالیکسن جیسے مرکبات ہوتے ہیں جن میں اینٹی بائیو ٹک اور اینٹی وائرل اثرات ہوتے ہیں۔ یہ سردیوں میں خاص طور پر جسم نزلہ زکام اور کھانسی کا خطرہ زیادہ ہو، فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ لہسن اور

وٹامنز کیپسول کا استعمال کیوں نقصان دہ ہوسکتا ہے؟

دنیا (سی این ایس) جسم میں وٹامنز کی متوازن مقدار مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، لیکن وٹامنز کے حصول کیلئے ادخوکوئی گولی یا کیپسول کھانا صحیح بھی ہو سکتا ہے۔ وٹامنز سے انسان کی روزانہ مقدار میں دل، گردوں، جگر، دماغ اعصاب کے لئے بہت ضروری ہے، یہ بہت شاندار وٹامن ہے تاہم اس کی زیادتی بہت خطرناک ہوسکتی ہے اس لیے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ باہر ہیں صحت کے مطابق اس کی خوراک 15 ملی گرام روزانہ ہے۔ اس کے کیپسول عام طور 200، 400 ملی گرام میں دستیاب ہیں جبکہ ہماری جسمانی ضرورت روزانہ 14 سال یا اس سے زیادہ کی عمر میں 15 ملی گرام ہے۔ لیکن پھر بھی اگر آپ 200 ملی گرام والا کیپسول کھا رہے ہیں تو ایک دن چھوڑ کر کھائیں تاکہ خوراک ضرورت سے زیادہ نہ ہو جائے، اس کے علاوہ یہ وٹامن دل اور جگر کی بیماریوں کے فائدہ مند ہے لیکن اگر دل کے مریض اس کا باقاعدہ اور مسلسل استعمال کریں گے تو اس سے ان کے ہارٹ فیل ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ وٹامن ای کا بھی ایک خطرہ ہوتا ہے۔ یہ بینائی کی بیماریوں مثلاً ریٹینا کی خرابی، بہرے پن، اٹھے، پھیپھڑے، بینس، بیٹریز وغیرہ میں وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ جس طرح سی بھی وٹامن کی کمی جسم کے لئے اچھی نہیں ہوتی۔

اسی طرح اس کی زیادتی بھی آپ کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ بعض وٹامنز کا ان میں ایک سے زیادہ کیپسول نہ کھائیں اگر حاملہ خاتون کو ملٹی وٹامنز سے ہٹ کر آئرن کی مقدار زیادہ چاہیے ہو تو ڈاکٹر کی مشورہ دن میں دو بار کیپسول لینے کے بجائے آئرن یا مطلوبہ وٹامنز کی مقدار جو ہمارے ڈاکٹر کے مشورے سے کریں۔ نوٹ: منذرجہ بالا تجربہ معالج کی عمومی رائے پر مبنی ہے، کسی بھی نسخے یا دوا کو ایک مستند معالج کے مشورے کا متبادل نہ سمجھا جائے۔

اشاعت خاص

تحریر۔۔ محمد ناظم الدین

انڈس ہسپتال پنجاب کا پہلا مکمل کینسر ہسپتال، لاہور میں پولیس انیمل ریسکیو سنٹر کا قیام عمل





آئیکونک ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینس 04 جنوری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار)

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم میٹینس اور ایکسٹینشن کے آئیکونک ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، کھوالی اور جہلم بکھر کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز زیر تر جیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 04 جنوری 2024 بتوقت 09:00 بجے تا 08:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، آبپارہ، ناز ٹاؤن، وفاقی محل، ایف ایریا، نیلور، گولڑہ، G-8، مارگلہ سپر، بلیو ایریا، G-9 مرکز، FHS، G-11/4 تا G-11/4-8، ریلوے روڈ، F-10 مرکز، F-7 بلیو ایریا، F-6 ایکسٹینشن، شمرقہ، کھوارا، F-8 ایکسٹینشن، کھل، کھوالی، جمعہ، ویسٹ 2 ٹیکرال، سسوک، کھائی گلہ، فکرا، اسلام پور، غازیاں، گلزار ٹاؤن، فیڈرز بی ایس او سرکل، صبح 00 : 10 بجے تا 00 : 01 بجے تک، ٹاؤن، کیمبرج ہیوٹ، فیڈرز ٹاؤن، فیز ٹو، فیز تھری، صبح 00 : 09 بجے تا دن 01:00 بجے تک، میر پور دن، امیر ڈی ایز ٹی، جمعہ، بنگ دن، پارد ہاؤس، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، ماڈل ٹاؤن، کیمبرج ہیوٹ، ڈھوک الوان، کارپوریٹ، لائیر کالونی، بنک، موٹرے مارکیٹ، میوزیکل فونی سینٹ پلانٹ ٹو ٹریم کے Fact HIT&T کنٹرول روم، کھوکھل پور، گلزار ٹاؤن اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیکونک انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے بجلی کا معمول کی صورت میں بجلی کی سپلائی عارضہ شیڈول کے پیش نظر بند کی جائیگی۔

لقیہ 1

اے کلاسز کا دشت گردوں کے بھی لواحقین ہیں اور اگر وہ احتجاج کرتے ہیں تو ان کے احتجاج کے حق کا احترام کرنا ہوتا ہے، وہ پاکستان کے باسی ہیں کسی بوتھال اعتراض ہو۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان آئے ہوئے مظاہرین اسلام آباد پریس کلب کے سامنے ایمرجنسی سے جمع ہوئے تھے، ان کے ساتھ کسی نے دہشت گردی نہیں کی، سروری کی وجہ سے ان کی تکلیف کا اندازہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو اقوام کی آزادی کیلئے مظاہرین کے ساتھ احتجاج کرنے پر جیل میں ڈالا گیا تھا، مظاہرین کو ان کے بھائی 34 فرنٹیئر کور کا قتل کیا گیا، اس وقت مظاہرین کی آواز کو دبایا گیا، اس وقت مظاہرین کی آواز کو دبانے کی ضرورت تھی۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ مظاہرین کو سیکیورٹی اور ایمرجنسی کی سہولت فراہم کی جائے۔ کیسٹ اسلام آباد میں ہوئے ہیں تو ان کے خلاف اسلامی بلوہ یا تشدد کا اختیار دیا گیا ہے، جماعت اسلامی کا اختیار دیا گیا ہے اور کہا کہ مظاہرین کی طرف سے مطالبات کریں تو ان کے مطالبات میں مظاہرین کو خدشات ہیں، ساتھ ہی مطالبات پیش کرنے چاہئیں۔

لقیہ 2

بخصوصی جمع کے دوران اب تک 5397 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ سی پی او اسید خالد ہوانی نے کہا کہ عمر فرازیوں کے خلاف کارروائیوں کو خطرات ہیں، ملزمین عمر فرازیوں کی حوصلہ شکنی کریں، انٹنسی کے اطلی ظہار و طالبات کو حوصلہ افزائی کریں، انٹنسی کے اطلی ظہار و طالبات کی اصل وجہ بات اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کی اصل وجہ بات اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کا تدارک، انہوں اقوال نے درست نشاندہی کی ہے کہ ہمیں اپنے اپنے گریبان میں جھانکنے کی ضرورت ہے، ہم عمر فرازیوں کی زندگی کے خطرے کا باعث ہیں، ہم عمر فرازیوں کے خلاف پنجاب حکومت کے انکشافات پر ہمیں فخر کیا جا رہا ہے۔

لقیہ 3

احسن اقبال میڈیکل کی اصل وجوہات کو منظر عام لائیں، احسن اقبال میڈیکل سے فائدہ اٹھانے والوں کو منظر عام پر لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد کسی کو ذکر کرنا نہیں ہوتا، مقصد تھا عوام کو میڈیکل کی اصل وجوہات اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کا بتاؤں، احسن اقبال نے درست نشاندہی کی ہے کہ ہمیں اپنے گریبان میں جھانکنے کی ضرورت ہے، ہم سب لوگ نے رہنمائی کی کہ احسن اقبال نے درست نشاندہی کی کہ پیسے کی سپلائی بھی میڈیکل کی وجہ سے ہوا ہے، ہم نے کہا کہ میڈیکل کے حقائق اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کو بے نقاب کروں، انہوں نے کہا کہ میڈیکل کے حقائق اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کو بے نقاب کروں، انہوں نے کہا کہ میرے بیان کا اصل مقصد یہ تھا کہ میڈیکل کے حقائق اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں کا پتا چلے، ہم نے کہ

انتخابات ملتوی ہونے کا کوئی امکان نہیں مرتضیٰ سولنگی

ایسا کوئی چیلنج درپیش نہیں جس کے نتیجے میں انتخابات پر کوئی اثر ہو، نگران وفاقی وزیر اطلاعات کی گفتگو

اسلام آباد (آئی آئی پی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ انتخابات ملتوی ہونے کا کوئی امکان نہیں، ایسا کوئی چیلنج درپیش نہیں جس کے نتیجے میں انتخابات پر کوئی اثر ہو، انتخابات 8 فروری 2024ء کو ہوں گے، ملک میں سیاست پر کوئی پابندی نہیں، ہر ایک کو سیاست کرنے کا اختیار ہے، ہم سیاسی حکومت نہیں، سیاسی جماعتوں کے لوگوں کو خوبیاں بیٹھ کر سمجھنی ہوں گی، ہم سیاسی لوگوں کو بیٹھ کر سمجھنے کی ضرورت ہے، سیاسی تقسیم دی جیتنی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نگران وزیراعظم اور اتحادی کابنہ کی گزشتہ روز ہونے والی گفتگو میں کوئی قابل اعتراض بات نہیں ہوئی، وزیراعظم نے لوگوں کے حاضرین کی بات نہیں کی، وزیراعظم کا اشارہ اس طرف تھا جو دہشت پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی جدید ریاست طاقت کے استعمال پر اپنی اجارہ داری قائم نہ رکھے تو وہ ریاست قائم نہیں رہ سکتی۔ بات بنیادی اصول کی ہے، وزیراعظم (بقیہ نمبر 1)

مزید 94 کم عمر ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج

خصوصی مہم کے دوران اب تک 5397 مقدمات درج کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گزشتہ روز مزید 94 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ روز راولپنڈی پولیس نے 94 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے (بقیہ نمبر 2)

ایک لڑکی آرٹ گیلری میں پینٹنگ کی نمائش دیکھ رہی ہے

راولپنڈی، ریس کورس پولیس کی کامیاب کارروائی

2 رکنی بائیک لفٹر گینگ سے چوری شدہ 7 موٹر سائیکلز برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے چوری شدہ 7 موٹر سائیکلز برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار (بقیہ نمبر 5)

12 جرائم پیشہ عناصر سے ہیروئن، چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 12 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے ہیروئن، چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل پولیس کے پولیس آفیسرز ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 12 افراد (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی پولیس خدمت مرکز لیرکی کے دورے کے موقع پر نوجوان کے آن لائن ٹیسٹ دینے کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

NA 97 مختلف برادریوں کا ہمایوں اختر خان کی حمایت کا اعلان

جھوٹے وعدے نہیں کروں گا، جنہوں نے دہائیوں سے تاندلیانوالہ کی گپ چپنی ہوئی ہے وہ ابھی سے گھبرا گئے ہیں

علاقے کو غربت سے نکالیں گے، غریبوں کی فلاح کے کسی منصوبے پر کوئی سیاست کی نظر نہیں ہونا چاہیے مختلف مقامات پر خطاب

تاندلیانوالہ (نمائندہ خصوصی) تاندلیانوالہ اور راموں کا کئی سے تعلق رکھنے والے ماہر تاجر دان اور وکلاء رہنماؤں مختلف برادریوں کے سربراہان اور عمائدین نے حلقہ این اے 97 میں استحکام پاکستان پارٹی کے امیدوار ہمایوں اختر خان کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا۔ ہمایوں اختر خان نے انتخابی مہم کے سلسلہ میں ماموں کانجن طارق کالونی میں ملک طالب ایڈووکیٹ اور ملک حسن ایڈووکیٹ کی (بقیہ نمبر 7)

ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران واہلکاروں کے اعزاز میں تقریب

آپ عظیم لوگ ہیں جنہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی سال محکمہ پولیس کو دیئے

ڈی پی او خوشاب کے دروازے ہر وقت ان کے لیے کھلے ہوئے ہیں، ڈی پی او چکوال

چکوال (ناصر شہزاد) ڈی پی او چکوال نے آئی جی پنجاب اور آر پی او کے حکم پر ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران واہلکاروں کی ڈی پی او آفس میں الوداعی تقریب منعقد کی۔ پولیس افسران کے لیے پر تکلف عشائیہ کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ڈی پی او چکوال نے ریٹائرڈ ہونے والے افسران و جوان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ عظیم لوگ ہیں جنہوں نے عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کے لیے اپنی زندگی کے قیمتی سال محکمہ پولیس کو دیئے۔ ڈی پی او نے ریٹائرمنٹ حاصل کرنے (بقیہ نمبر 8)

نہم و دہم کے داخلوں کی تاریخوں میں توسیع کی جائے

پنجاب میں بڑی تعداد میں تعلیمی ادارے فیڈرل تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ ہیں

آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان نے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے چیئرمین قیصر عالم سے مطالبہ کیا کہ نہم و دہم کے داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی جائے کیونکہ پنجاب میں بڑی تعداد میں تعلیمی ادارے فیڈرل تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ ہیں اور اس وقت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان نے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے چیئرمین قیصر عالم سے مطالبہ کیا کہ نہم و دہم کے داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی جائے کیونکہ پنجاب میں بڑی تعداد میں تعلیمی ادارے فیڈرل تعلیمی بورڈ سے الحاق شدہ ہیں اور اس وقت قیمر عالم نے داخلوں کی (بقیہ نمبر 10)

فوری ضرورت

ABC مواد کو پسند کرنے والے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

کیماڑی ٹاؤن کراچی کے علاقے میں مدینہ کالونی کے لوگ پینے کا پانی بھر رہے ہیں

راولپنڈی کو زیرو ویسٹ اور سموگ فری سٹی بنا کر دم لیں گے

کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا صفائی انتظامات کے معائنہ کیلئے یونین کونسلز کا دورہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا صفائی انتظامات کے معائنے کے لیے علی الصبح شہر کی یونین کونسلز کا دورہ۔ یونین کونسل 2 ڈسٹ کالونی، یوسی 43 لوک کہہ اور یوسی 44 لوک فرمان علی کا دورہ کیا۔ صفائی پر مامور شاف کی کارکردگی کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ یوسی 15 راولپنڈی کو جلد زیرو ویسٹ (بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی 7 ملزمان سے 9 کلو چرس برآمد، مقدمات درج

نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے شیطان سے بچ سکتے ہیں، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 9 کلو 02 کلو 200 گرام چرس، ملزم عدنان سے 02 کلو غفار سے 02 کلو (بقیہ نمبر 3)

سابق وفاقی وزیر سرتاج عزیز کی قبر پر نواز شریف اور شہباز شریف کی جانب سے پھول چڑھائے گئے ہیں

کنٹریکشن ایسوسی ایشن کے وفد کا اسلام آباد چیمبر کا دورہ

تعمیراتی صنعت پر عائد بھاری ٹیکسوں کی وجہ سے درپیش مسائل سے آگاہ کیا

تعمیراتی صنعت پر ٹیکسوں میں کمی کر کے معیشت کو بحال کیا جا سکتا ہے، انجینئر اظہر الاسلام ظفر

ٹیکسوں میں اضافے کی وجہ سے تعمیراتی صنعت میں سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے، انجینئر سید اشتفاق حسین

اسلام آباد (این این آئی) کنسٹریکشن ایسوسی ایشن آف پاکستان کے ایک وفد نے ایسوسی ایشن کے چیئرمین انجینئر سید اشتفاق حسین کی قیادت میں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور تعمیراتی صنعت پر عائد بھاری ٹیکسوں کی وجہ سے درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ کنسٹریکشن ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سابق چیئرمین انجینئر سکندر حیات خٹک، ایڈوائزری کونسل کے ممبر ملک محمد عظیم اور دیگر وفد میں (بقیہ نمبر 4)

ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کیخلاف موثر اقدامات جاری

آلودگی پھیلانے والے کارخانے سیل، ملزمان کو قید و جرمانہ کی سزا سنادی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین پی ڈی اے کیپٹن (ر) انوار الحق کی ہدایت پر اسلام آباد کے قدرتی مناظر کو ماحولیاتی آلودگی اور اسموگ سے بچانے کے لئے ٹھوس اور مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ اس ضمن میں انفورسمنٹ ونگ نے سنگل کے روز اسلام آباد کے سیکٹر I-13 خسمی کالونی میں پلاسٹک سے جلنے والے کارخانے جس کا دھواں پورا علاقہ اسموگ میں ماحولیاتی آلودگی کا سبب بن رہا تھا کے مالکان کا چالان کر کے سینئر سیشن کلیمر بیت سی ڈی اے کی عدالت میں پیش کیا۔ سینئر سیشن مجسٹریٹ ملزمان (بقیہ نمبر 5)

آلودگی پھیلانے کا سبب بننے والے ملزمان پولیس حراست میں

سرتاج عزیز کے انتقال پر راجہ مجاہد افسر ڈٹ موت کا وتعزیت

سرتاج عزیز بلاشبہ ایک منجھے ہوئے سیاستدان تھے، راجہ مجاہد افسر ڈٹ موت

چکوال (نامور شہزاد) سابق وزیر خزانہ و خارجہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور میاں محمد نواز شریف کے قریبی ساتھی سرتاج عزیز قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کی وفات پر معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈٹ نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے تجلیات کے مطابق راجہ مجاہد افسر ڈٹ نے کہا کہ سرتاج عزیز کی وفات پر پاکستان کی معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر خان ڈٹ موت نے گہرے (بقیہ نمبر 16)

برآمد کی گئی منشیات اور گاڑی مؤثر سے پولیس کی تحویل میں ہے

موٹروے پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ ناکام بنا دی

12 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی ہیروئن برآمد کر لی، مزید قانونی کارروائی جاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) موٹروے پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ ناکام بناتے ہوئے 12 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی ہیروئن برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق امام ولن ہزارہ انٹرچینج کے قریب دوران پیٹرولنگ سیکٹر کمانڈر ایم دین شیخ الرحمن نے غطلت لا ہوا ہی ہوئی گاڑی دیکھی جسے رکنے کا اشارہ کیا گیا۔ لیکن ڈرائیور نے گاڑی موقع سے بھگا دی۔ جس پر سیکٹر کمانڈر نے آگے والی پولیس موبائل کو الرٹ کر دیا۔ مذکورہ (بقیہ نمبر 7)

پیپلز پارٹی پنجاب میں سیاسی سرپرائز دینے کیلئے سرگرم

اجلاس میں کل سیاسی صورت حال اور عام انتخابات سے متعلق اہم فیصلے ہوں گے

لاہور (آئی آئی پی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری لاہور میں سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی اجلاس کی صدارت کریں گے، جس میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تخت لاہور کا معرکہ جیتنے کی تیاری جاری ہے اور پیپلز پارٹی پنجاب میں سیاسی سرپرائز دینے کیلئے سرگرم ہوگئی۔ مسلم لیگ ن سے گفتگی جنگ کے بعد پیپلز پارٹی کی جانب سے (بقیہ نمبر 8)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مسترد کاغذات نامزدگی پر تمام درخواستیں یکجا جواب جمع کرانے کا حکم

الیکشن ٹریبونل کا اپنے حکم میں کہا ہے کہ آر او سے ریکارڈ لے کر تمام درخواستوں پر شق وار کمنٹس جمع کرا دیں

الیکشن ٹریبونل میں شعیب شاہین، نیاز اللہ نیازی، ظفر علی شاہ اور دیگر نے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے پر اپیلیں دائر کی ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں الیکشن ٹریبونل نے جسٹس ارباب محمد طاہر نے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے سے متعلق اپیل اب تک دائر تمام درخواستوں کو یکجا کر دیا۔ الیکشن ٹریبونل نے الیکشن کمیشن کو تمام درخواستوں پر یکجا جواب جمع کرانے کا حکم دیا۔ الیکشن ٹریبونل کا اپنے حکم میں کہنا ہے کہ آر او سے ریکارڈ لے کر تمام درخواستوں پر شق (بقیہ نمبر 9)

مسلم لیگ ن کی جانب سے 15 جنوری کو احتجاجی منشور کے اعلان کا فیصلہ

لاہور (آئی آئی پی) مسلم لیگ ن کا احتجاجی منشور سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، اجلاس کی صدارت سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کی، اجلاس میں مسلم لیگ ن کی جانب سے 15 جنوری کو احتجاجی منشور کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ احتجاجی منشور کے اعلان کے لئے تقریب کا اہتمام لاہور کے مقامی ہوٹل میں کیا جائے گا، تقریب میں ن لیگ کے قائد نواز شریف بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

ادویات کی بلا تعطل فراہمی کے لئے فارما پارک بنا رہے ہیں، ڈاکٹر ندیم جان

اسلام آباد (آئی آئی پی) نگران وفاقی وزیر برائے قومی صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ ادویات کی بلا تعطل فراہمی کے لئے فارما پارک بنا رہے ہیں، فارما سے متعلق قوانین، حکومتی پالیسیاں، اور ڈریپ گائیڈ لائنز کی بابت معلومات دینے کے لئے ٹیلی میڈیسن ویب کیمپ قائم کر دیا ہے۔ بدھ کو وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن ویب کا مقصد فارما انڈسٹری کی ایکسپورٹ کو بڑھانے کیلئے (بقیہ نمبر 22)

سیف سٹی اسلام آباد کا 2023 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ

پولیس خدمت مرکز میں 1 لاکھ 92 ہزار 144 افراد کو مختلف سہولیات فراہم کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) سیف سٹی اسلام آباد نے سال 2023 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، پولیس خدمت مرکز میں 1 لاکھ 92 ہزار 144 افراد کو مختلف سہولیات فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر (بقیہ نمبر 20)

سی پی او سیف سٹی کا فیڈرل اردو یونیورسٹی برائے آرٹس، سائنس اور ٹیکنالوجی کا دورہ

اساتذہ اور طلباء کو منشیات کے نقصانات اور سدباب بارے آگاہی لیکچر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سی پی او اسپیکٹر جنرل ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی ہدایات پر فیڈرل اردو یونیورسٹی برائے آرٹس سائنس اور ٹیکنالوجی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اساتذہ اور طلباء کو منشیات کے نقصانات اور سدباب کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا اور شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 21)

سابق وفاقی وزیر سرتاج عزیز کی نماز جنازہ آج ایبٹ آباد میں ادا کی جا رہی ہے

سابق وفاقی وزیر سرتاج عزیز کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار

مرحوم تحریک پاکستان کے فعال کارکن اور قوم کا عظیم اثاثہ تھے، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی

اسلام آباد۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سنٹرل کیڈر، معروف سیاسی کارکن اور قومی اسمبلی حلقہ پی ٹی 10 سے سابق ایم پی اے سید محمد عباس شاہ کے انتقال پر اظہار رنج و غم کا اظہار کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے سابق سینیٹر و وفاقی وزیر سرتاج عزیز کے انتقال پر گہرے رنج کا اور افسوس کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرتاج عزیز اپنائی زیرک، منجھے ہوئے سیاستدان، اتھائی کہیں، ملنسار اور محبت کرنے والے انسان تھے۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ مرحوم تحریک پاکستان کے فعال کارکن اور قوم کا عظیم اثاثہ تھے۔ ان کی پاکستان کے لئے سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سرتاج عزیز نے وفاقی وزیر خزانہ اور خارجہ سمیت مختلف اہم عہدوں پر ملک کی خدمت کی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں اللہ تعالیٰ نے (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، پتنگ فروش سے 1250 پتنگیں اور ڈورریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش کو گرفتار کر کے 1250 پتنگیں اور ڈورریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش احسن کو گرفتار کر لیا۔ ملزم سے 1250 پتنگیں اور ڈورریں برآمد ہوئی ہیں۔ ایس پی پشوار نے ایس ایچ او ٹیکسلا اور ایم کو شباش دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ فروشی جان لیوا کھیل ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، 7 ملزمان سے اسلحہ اور 100 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ اور 100 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم عامل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ہاجاتی پولیس نے ملزم عابد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم مرید عباس سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول (بقیہ نمبر 27)

ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں جرائم پر اجلاس

اجلاس میں جرائم کا تقابلی جائزہ لیا گیا اور بہترین کارکردگی پر افسران کو شاباش دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں جرائم کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں جرائم کا تقابلی جائزہ لیا گیا اور بہترین کارکردگی پر افسران (بقیہ نمبر 24)

عدالت انصاف نے اسرائیل کیخلاف سماعت 11 جنوری کو ہوگی

اسرائیل غزہ کی پٹی میں جنگی جرائم اور نسل کشی کا ارتکاب کر رہا ہے، جنوبی افریقی صدر

جنوبی افریقہ (اے ایف پی) بین الاقوامی عدالت انصاف میں اسرائیل کے خلاف دائر درخواست پر سماعت 11 اور 12 جنوری کو ہوگی۔ اس حوالے سے جنوبی افریقی ایلچار نے بتایا ہے کہ جنوبی افریقہ کی نمائندگی کرنے والے وکلا سماعت کی تیاری کر رہے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی افریقی صدر رامافوسا (بقیہ نمبر 26)

ڈی جی صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم بریش بچے کی والدہ سے علاج معالجے کی سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

اوپن یونیورسٹی میں غیر نصابی سرگرمیوں کا از سر نو آغاز

"پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے کی سخت ضرورت ہے

کوڈ 19 وباء کے بعد کھیلوں کی سرگرمیاں ماند پڑ گئی تھیں، وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ڈاکٹر ناصر محمود

اسلام آباد (چیف رپورٹر) "پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے کی سخت ضرورت ہے، غیر نصابی سرگرمیاں طلبہ میں محنت کرنے اور آگے بڑھنے کا جذبہ پیدا کرتی ہے، کوڈ 19 وبا کے بعد کھیلوں کی سرگرمیاں ماند پڑ گئی تھیں، گراؤنڈ کھیلوں کو دوبارہ آباد کرنا نہایت احسن اقدام ہے" ان خیالات کا اظہار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے یونیورسٹی کے رہائشی کالونی کے گراؤنڈ میں کرکٹ ٹورنامنٹ برائے سال 2024 کی تقسیم انعامات کی تقریب سے (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد پولیس نے ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں، پولیس

شہری اسلام آباد پولیس کی سرکاری ویب سائٹ سے ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں، پولیس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس کا آغاز کر دیا ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے شہری اسلام آباد کیپٹل پولیس کی سرکاری ویب سائٹ سے اپنا ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے انکشافات کی روشنی میں سی پی او سیف سٹی ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے ہدایت پر ٹریفک پولیس کے خصوصی انکشافات پر ریٹنگ میں اسلام آباد کیپٹل پولیس نے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ورچوئل ڈرائیونگ لائسنس کی سہولت فراہم کی ہے۔ اس حوالے سے اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ